© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

طنز و مزاح

# زبان میری ہے بات انکی

❄ شراب اور بئیر کا چوتھا کارخانہ جلد کام شروع کر دے گا۔ اقلیتوں کو شراب کی اجازت ہے تو کارخانہ لگانے میں کیا قباحت ہے (بہرام آواری)۔

ام الخبائث کے بیٹے بہرام آواری کی زٹلیاں!

❄ ۱۰۵ سالہ بوڑھے نے ۱۰۰ سالہ بیوی کو طلاق دے دی۔ (ایک خبر)

نئی لانا چاہتا ہو گا۔

❄ ایران کسی مذہبی رہنما پر حملے میں ملوث نہیں۔ (ترجمان قونصلیٹ جنرل)

تو پھر حال ہی جس ایک ایرانی سفارت کار کو کس الزام میں پاکستان سے نکالا گیا ہے؟

❄ بیگم وزیر علی پریس کانفرنس میں برہم ہو گئیں۔ (ایک خبر)

جیسے ایک بیگم۔ میاں سے برہم ہوتی ہے۔

❄ زرداری سیلاب زدگان کا مال نہ کھائیں (مرتضیٰ بھٹو)

سالے بہنوئی میں مال ہی کا جھگڑا ہے۔

❄ پاکستانی قوم اسلام کی شیدائی اور نبی ﷺ کی عاشق ہے۔ (سردار آصف)

سردار جی! اپنی بات کریں!

❄ موسیقی روح کو تازگی بخشتی ہے۔ (عابدہ پروین)

روح کو نہیں جسم کو تازگی بخشتی ہے مثلاً نصرت فتح علی اور عابدہ پروین۔

❄ (برلن) ۱۳ سالہ بہن اور ۱۴ سالہ بھائی ایک بچے کے والدین بن گئے۔ (ایک خبر)

سیکس فری معاشرہ، شخصی آزادی، نیو سوشل کنٹریکٹ اور اوپن سوسائٹی کے برگ و بار

❄ ڈاکٹر تاش کھیلتے رہے۔ مرتے ہوئے مریض کی طرف توجہ نہ کی۔ (ایک خبر)

اندھی کمائی نے اندھا کر رکھا ہے۔

❄ سریا اور گارڈر کی قیمتوں میں اضافہ (ایک خبر)

کیا اب بے نظیر نے لوہے کا کام شروع کر دیا ہے؟

❄ اظہر سہیل روزنامہ پاکستان سے نکلنے کے باوجود اسی کے نام پر وزیر اعظم کے ساتھ مصر گئے۔ (ایک خبر)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



"مقابل ہے آئینہ" دوسروں کو نصیحت۔ خود میاں فضیحت!

❄ تعلیمی میدان میں پاکستان دنیا بھر میں آخری نمبر پر ہے۔ (پروفیسر کرامت علی)

پاکستان میں تعلیم دینے والے کون سے نمبر پر ہیں؟

❄ پاکستان کے پاس ایک درجن ایٹم بموں کے لئے ۲۱۶ کلو گرام یورینیم موجود ہے۔ (امریکی کانگریس)

تے فیر تسی مامے لگدے او!

❄ کسی ٹٹو وزیراعظم کو قبول نہیں کریں گے۔ (شیخ رشید)

کیوں کوئی مغرب زدہ گدھی پسند آگئی ہے؟

❄ وزیراعظم نے الازہر مسجد میں نماز ادا کی۔ (ایک خبر)

دامنِ یار خدا ڈھانپ لے پردہ تیرا

❄ پنجاب اسمبلی میں ہنگامہ۔ بھنگڑے اور بڑکیں (ایک خبر)

اسمبلی ہے یا بہار شاہ کا میلہ!

❄ نواز شریف کو فوج کی حمایت حاصل نہیں۔ (خالد کھرل)

اس کا مطلب ہے آپ فوج کے ذریعے آئے ہیں۔

❄ گیس کے نرخوں میں سو فیصد اضافے کا فیصلہ (ایک خبر)

اب پورا کریں گے ہم وعدہ!

❄ مہنگائی ختم کرنے کے لئے جامع منصوبہ بندی کی جارہی ہے (ایک خبر)

یعنی بتدریج غریب کا گلا گھونٹا جارہا ہے۔

❄ پنجاب اسمبلی کو تالے لگ گئے۔ (ایک خبر)

گالیوں کا بازار مندا پڑ گیا۔

❄ بے نظیر جیالے ججوں سے مجھے تباہ کروانا چاہتی ہے۔ (نواز شریف)

حالانکہ ایک نگاہ غلط انداز ہی کافی تھی!

❄ سیاستدانوں کی بیگمات ہونا بھی قومی خدمت ہے (اقبال حیدر)

اس "قومی خدمت" پر قوم آپ کی شکر گزار ہے۔

❄ نصرت بھٹو نے بے نظیر اور مرتضیٰ بھٹو میں صلح کرادی۔ (ایک خبر)

ڈرامے کا ڈراپ سین!

❄ حامد ناصر کی غلام اسحٰق خان سے ملاقات (ایک خبر)

بوڑھی گھوڑی لال لگام ---------------

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



❄ کوکا کولا کی تقریب میں قیصر حسین کی صاحبزادی کا رقص۔ (ایک خبر)
اور قیصر حسین آلِ علی میں سے ہونے کا بھی دعویٰ کرتا ہو گا!

❄ جماعت اسلامی کے رہنماء نعیم صدیقی نے منصورہ چھوڑ دیا۔ (ایک خبر)
جوانوں نے بزرگوں کو ناراض کر دیا۔

❄ پاکستان کے پاس ایٹم بم ہے۔ (سابق وزیر اعظم نواز شریف)

❄ پاکستان کے پاس ایٹم بم نہیں۔ (صدر لغاری)
الٰہی! تیرے سادہ دل بندے کدھر جائیں۔

❄ آصف زرداری نے بھی تسبیح پکڑ لی (ایک خبر)
ماسٹر تارا سنگھ نے نماز شروع کر دی۔

❄ اسلام اور سیکس کے موضوع پر میری فلم توبہ کے ہیرو (نعوذ باللہ) خدا کے بزرگ و برتر ہوں گے۔ (ایم اے رشید فلم ڈائریکٹر۔ لاہور)
پناہ مانگتا ہوں اللہ کی شیطان مردود سے

❄ کوئی اللہ کا بیٹا یا بچہ ہی ملکی حالات درست کر سکتا ہے۔ (منظور موہل)
لگتا ہے آپ کے خون میں کوئی عیسائی جرثومہ شامل ہے۔

❄ (نعوذ باللہ) عصمت کعبہ کو ٹھکرانے کا موسم آ گیا۔ (نصرت فتح علی کی کافرانہ قوالی)
کیا فرماتے ہیں قوالی پسند علماء بیچ اس مسئلہ کے؟

❄ قائد اعظم لبرل تھے اب ملک میں ملائیت چھا رہی ہے۔ (گورنر پنجاب چودھری الطاف)
ملا تو قائد اعظم نے بھی ساتھ ملائے تھے۔ ویسے آپ قائد اعظم کے کیا لگتے ہیں؟

❄ امریکی اداکارہ سے عشق پر پیر فضل حق جمیعت مشائخ کی صدارت سے برطرف۔ (ایک خبر)
اور نازیبا حرکات پر ملتان کے محمود الحسن نقشبندی کی رکنیت ختم

دلچسپ اندھیرے ہیں، پر نور دکانیں ہیں، داتا تری نگری میں

❄ مینٹل ہسپتال کے ایم ایس کو مریض نے گولی مار دی۔ (ایک خبر)
مریض کا دماغ تو ٹھیک کام کرتا ہے؟

❄ پاکستان میں مذہبی جنونیوں نے اقلیتوں سے بڑی زیادتیاں کی ہیں۔ (بے نظیر)
بے رخیاں! تے وت ساڈے نال!

❄ مسلم لیگی خواتین کا پولیس تشدد کے خلاف مارچ۔ "امریکن سنڈی۔ بے نظیر" "منظور وٹو ہائے ہائے" کے نعرے۔ (ایک خبر)
یہ جمہوریت کا حصہ ہے۔ چیکدے کیوں او!

© rasailojaraid.com